2147 - بیع الوفاء

سوال

بیع الوفاء کیا ہے اور اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

بیع الوفاء اور
اس کی حقیقت :

بیع الوفاء یہ ہے کہ اس شرط پر مال
فروخت کیا جائے کہ جب بھی فروخت کرنے والا مال کی قیمت واپس کرے گا تو خریدار اسے
خریدی ہوئی چیز واپس کردے گا.

اس کے بارہ میں مندرجہ ذیل فیصلہ ہوا :

اول :

اس بیع کی حقیقت یہ کہ (ایسا قرض ہے
جو نفع لارہا ہے) اور یہ سود کے لیے ایک حیلہ ہے اور جمہور علماء کرام نے اسے
ممنوع قرار دیا ہے، ان کا کہنا ہے کہ یہ صحیح نہیں.

دوم :

یہ معاہدہ شرعی طور پر ناجائز ہے.